**27.09.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

………………………………

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اندرونِ ملک تیار کردہ 4-G خدمات کا آغاز کیا ہے۔ اس سے بھارت اُن کچھ ملکوں کے گروپ میں شامل ہوگیا ہے جو اپنا ٹیلی کوم نیٹ ورک قائم کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔
- ☆ وزیر اعظم کَل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔
- ☆ برکس کے وزرائے خارجہ نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔
- ☆ یونیسکو نے ہماچل پردیش کے سرد صحرا کو نئے Biosphere Reserve کے طور پر تسلیم کیا ہے۔
- ☆ بھارت نے جنوبی کوریا میں عالمی پیرا تیراندازی چمپئن شپ کے آخری دن سونے کے دو تمغے جیتے اور اُس کے تمغوں کی کُل تعداد 7 ہوگئی۔
- ☆ اور دلّی میں بارھویں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں پہلے دن Shailesh Kumar نے مردوں کی ہائی جمپ میں سونے کا تمغہ جیتا۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Rev. PM Odisha Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پورے ملک میں 97ہزار پانچ سو سے زیادہ نئے 4G موبائل ٹاورز کا افتتاح کیا، جن میں سے 92ہزار 600ٹاورز کو مکمل طور پر گھریلو ٹیکنالوجی سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ اقدام ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے کی ایک بڑی کوشش کا حصہ ہے۔ BSNL کی جانب سے تقریباً 37ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے نصب کیے گئے اِن ٹاوروں سے مزید 30ہزار گاؤوں میں ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ تک رسائی حاصل ہونے کی توقع ہے۔ اوڈیشہ کے دورے کے دوران اِن ٹاوروں کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ بھارت 3G،2G اور 4G ٹیکنالوجیز کے معاملے میں پیچھے رہ گیا تھا۔انہوں نے مزید کہا کہ BSNL کا ملک میں ہی تیار کردہ 4G نیٹ ورک، اب بھارت کو ان چند ممالک میں شامل کرتا ہے جو خود کیلئے ٹیلی مواصلاتی نیٹ ورکس بنانے اور چلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

S/B: 2100- Fianl- PM- Indigenous 4G

اِس موقع پر عوام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے 2014 سے حکومت کی اصلاحات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2017 میں ساز و سامان اور خدمات ٹیکس GST کے نفاذ کے بعد شہریوں پر ٹیکس کا بوجھ نمایاں طور پر کم ہوا ہے۔

S/B: Modi on GST

وزیرِ اعظم مودی نے اڈیشہ کے برہم پور اور گجرات کے سورت میں Udhna کے درمیان امرت بھارت ایکسپریس ٹرین کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔انہوں نے دو میڈیکل کالجوں، برہم پور میں واقع MKCG میڈیکل کالج اور برلا–سمبل پور میں واقع VIMSAR کو عالمی معیار کے سپر اسپیشیلیٹی اسپتالوں میں تبدیل کرنے کا اعلان کیا۔ اوڈیشہ کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حال ہی میں منظور کیے جانے والے دو سیمی کنڈکٹر یونٹس اور ایک سیمی کنڈکٹر پارک کے منصوبے، ریاست کی صنعتی ترقی میں ایک اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ دہائی اوڈیشہ کیلئے خوشحالی کی دہائی ہوگی اور اس کی ترقی کا سہرا مرکز اور ریاست کی ڈبل انجن سرکار کوجاتا ہے۔

S/B: PM Modi on Project

اس موقع پر موجود اوڈیشہ کے وزیرِ اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے وزیرِ اعظم مودی کو دنیا کا سب سے مقبول رہنما قرار دیا اور کہا کہ وہ ریاست کے ساڑھے چار کروڑ باشندوں کے لیے تحریک کا باعث ہیں۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ’’من کی بات‘‘ میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 126واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ، اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## BRICS FM Meeting

برکس ممالک کے وزرائے خارجہ نے جموں وکشمیر کے پہلگام میں 22اپریل کے دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔کل نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80ویں اجلاس کے موقع پر برکس کے وزرائے خارجہ نے اپنی سالانہ میٹنگ کی۔ اس میٹنگ کی صدارت بھارت نے کی کیونکہ 2026میں وہ برکس کی صدارت کی ذمے داری سنبھالے گا۔ میڈیا کیلئے ایک مشترکہ بیان میں وزرا نے کسی بھی طرح کی دہشت گردی کو مجرمانہ حرکت اور بلاجواز قرار دیتے ہوئے سخت مذمت کی۔ انھوں نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کو کسی بھی مذہب، قومیت، تہذیب یا نسلی گروپ سے وابستہ نہیں کرنا چاہئے اور دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث یا اُن کی اعانت کرنے والوں کو جوابدہ بنایا جانا چاہئے اور متعلقہ قومی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق اُنھیں قانون کے کٹہرے میں لانا چاہیے۔انھوں نے دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کو یقینی بنانے پر زور دیا اور دہشت گردی سے نمٹنے میں دوہرا معیار اپنانے کو مسترد کیا۔x

## India UN Reply

بھارت نے پاکستان پر دہشت گردی کو بڑھاوا دینے اور بھارت - پاکستان تنازعے کے حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا الزام لگایا ہے۔ پاکستان کے وزیرِ اعظم شہناز شریف کے اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی سے خطاب کے بعد، بھارت نے جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کیا اور اقوامِ متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن میں اول سکریٹری Petal Gahlot نے الزام لگایا کہ بھارت کی سرزمین پر دہشت گردانہ حملوں کیلئے پاکستان ذمہ دار ہے۔ انہوں نے پُرزور الفاظ میں کہا کہ بھارت نے اپنے دفاع کے حق کا استعمال کیا ہے۔ اول سکریٹری نے کہا کہ اسمبلی نے آج صبح پاکستان کے وزیرِ اعظم کی نامعقول اور مضحکہ خیز اداکاری کو دیکھا ، جنہوں نے ایک بار پھر دہشت گردی کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا، جو کہ اُن کی خارجہ پالیسی کا ایک مرکزی جزو ہے۔ محترمہ گہلوت نے یہ بات دوہرائی کہ پاکستان کی فوج نے آپریشن سندور کے دوران لڑائی بند کرانے کی دُہائی دی تھی۔ محترمہ نے یہ بات واضح طور پر کہی کہ نئی دلّی اور اسلام آباد کے درمیان کسی بھی معاملے پر تیسرے فریق کی مداخلت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

## Jaishankar IBSA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، برازیل کے وزیر خارجہ Mauro Vieira اور جنوبی افریقہ کی خواتین، نوجوانوں اور معذور افراد کے امور کے محکمے کی وزیر Sindisliwe Chikunga نے نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے موقع پر ایک میٹنگ کی۔ 13ویں IBSA سہ فریقی وزارتی کمیشن کی میٹنگ کے بعد میڈیا کو دیئے گئے بیان میں وزراء نے جموں و کشمیر کے پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے میں بے قصور شہریوں کی وحشیانہ ہلاکتوں کی شدید مذمت کی۔ وزراء نے بین الاقوامی معیارات کے مطابق مالیاتی انٹیلیجنس کے قانونی اور مؤثر تبادلے کو یقینی بناتے ہوئے دہشت گردی کی مالی اعانت کی روک تھام کی ضرورت پر زور دیا۔ وزراء نے اقوام متحدہ کی فہرست میں شامل القاعدہ، ISIS، لشکر طیبہ، جیشِ محمد اور دیگر دہشت گرد گروپ سمیت تمام دہشت گردوں اور دہشت گرد تنظیموں اور اُن کی پشت پناہی کرنے والے ملکوں کے خلاف اجتماعی کارروائی کرنے پر زور دیا۔وزراء نے اِس بات کا بھی اعادہ کیا کہ IBSA کو ایشیا، جنوبی امریکہ اور افریقہ کی تین بڑی تکثیری، کثیر ثقافتی اور کثیر نسلی جمہوریتوں بھارت، برازیل اور جنوبی افریقہ کے درمیان عالمی امور پر رابطے کو فروغ دینے کیلئے قائم کیا گیا تھا۔ x

## Seva Parv

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت نے 'ایک بھارت سریشٹھ بھارت' پہل کے تحت کثرت میں وحدت، ثقافت، روایات اور عوام سے عوام رابطوں کے جذبے کو مضبوط کیا ہے۔

PM Byte

Capsule

ہمارا ملک سیکڑوں بولیوں اور متعدد زبانوں کا مسکن ہے۔ ہر خطے کا اپنا لباس اور کھان پان ہے، لیکن پھر بھی ایک جذبہ ہمیں متحد کرتا ہے۔ اسی جذبے کو مضبوط کرنے کی خاطر وزیراعظم نریندر مودی نے 2015 میں 'ایک بھارت سریشٹھ بھارت' کا ایک پُرزور پیغام دیا۔صدیوں سے بھارتی ثقافت اور روایات نے پورے ملک کو متحد رکھا ہے۔ مقامی اشیا میں نہ صرف وہاں کی مٹی کی خوشبو ہوتی ہے بلکہ اُن میں علاقائی خصوصیت بھی محفوظ ہوتی ہے جو ایک ریاست کو دوسری ریاست سے مربوط کرنے کی خاطر ایک پُل کا کام کرتی ہے۔ وزیر اعظم نے اکثر عوام پر اِس خزانے کو اپنانے پر زور دیا ہے جو لوگوں کو ایک دوسرے سے قریب کرتا ہے۔

PM Modi Byte 2

ایک بھارت سریشٹھ بھارت، وہ پہل ہے جو ایک ریاست کی ثقافت اور فوک روایات سے دوسرے کو روبرو ہونے کا موقع فراہم کرتی ہے۔x

## Assam AFSPA

آسام حکومت نے تین اضلاع میں مسلح افواج سے متعلق خصوصی اختیارات ایکٹ AFSPA – 1958 میں مزید چھ ماہ کی توسیع کردی ہے جس کا اطلاق یکم اکتوبر سے ہوگا۔ آسام حکومت نے آج اِس سلسلے میں یہ کہتے ہوئے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا کہ Charaideo،Tinsukia اور Sivsagar اضلاع میں AFSPA میں توسیع کی گئی ہے۔x

## Karur Stampede

تمل ناڈو میں Karur کے مقام پر اداکار اور سیاستداں Vijay کے ایک بڑے روڈ شو کے دوران بھگدڑ کے واقعے میں کم از کم 13افراد کی موت ہوگئی۔ اداکار اور پارٹی Tamilaga Vetri Kazhagam کے بانی Vijay نے آج ایک روڈ شو کا نعرہ دیا تھا۔ یہ بڑی ریلی تین گھنٹے سے زیادہ دیر تک چلی اور ہر عمر کے لوگ مذکورہ اداکار کی ایک جھلک پانے کیلئے بڑی تعداد میں وہاں پہنچے تھے۔x

## Laddakh Update

اِس ماہ کی 24 تاریخ کو پُرتشدد واقعے کے بعد لیہہ میں آج مسلسل چوتھے دن پابندیاں برقرار رہیں۔ جمعہ کے روز قومی سکیورٹی ایکٹ کے تحت ماحولیات کے علمبردار سرگرم کارکن Sonam Wanchuck کو حراست میں لئے جانے کے بعد نیم فوجی دستوں نے گشت اور چیکنگ تیز کردی ہے۔ تشدد سے متاثر لیہہ میں آج چوتھے دن بھی بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت پابندیاں برقرار رہیں۔ گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران لداخ میں کہیں سے بھی کسی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ ضروری سامان اور خدمات تک رسائی کو یقینی بنانے کیلئے آج عہدیداران نے لیہہ میں دو گھنٹے کیلئے راشن اور سبزی کی دوکانیں کھلنے کی اجازت دی۔اِس دوران، لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر Kavinder گپتا نے امن وقانون اور سکیورٹی کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔

## UNESCO Cold Desrt

ہماچل پردیش میں واقع سَرد صحرائی Biosphere ریزرو کو یونیسیکو کے Biosphere Reserves کے عالمی نیٹ ورک میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ اعلان، چین کے شہر ہانگزو میں ہونے والی Biosphere Reserves کی عالمی کانگریس میں کیا گیا، جو اِس خطے کی پائیدار ترقی کے ماڈل کے طور پر اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ بھارت کے مغربی ہمالیائی خطے میں واقع تقریباً 7ہزار 770مربع کلو میٹر کے رقبے پر محیط یہ بلند و بالا علاقہ، کھرُدرے پہاڑی سلسلے، چراہ گاہوں اور نایاب جنگلاتی حیات کیلئے مشہور ہے، جن میں برفانی چیتا اور ہمالیائی ibex شامل ہیں۔ 2009میں پہلی بار قومی Biosphere Reserves کے طور پر نامزد ہونے کے بعد یہ سرد صحرائی Reserves، اب عالمی نیٹ ورک میں شامل بھارت کا 13واں علاقہ بن گیا ہے۔ اِس میں Pin Valley قومی پارک اور Kibber وائلڈ لائف سینکچری جیسے محفوظ علاقے شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ یہاں تقریباً 12ہزار افراد بھی رہائش پذیر ہیں۔ x

## Archery World Para

جنوبی کوریا کے گوانگ ژو میں پیرا عالمی تیر اندازی چمپئن شپس میں بھارت نے سات میڈلز جیتے ہیں جن میں آج مقابلے کے آخری دن دو تاریخی انفرادی کماؤنڈ گولڈ میڈلز بھی شامل ہیں۔

کمپاؤنڈ انفرادی زمرے میں 18سالہ Sheetal Devi نے تاریخ رقم کی اور پہلی بھارتی کھلاڑی بنیں جنھوں نے بازوؤں کے بغیر تیراندازی کے اس زمرے میں سونے کا عالمی چمپئن شپ میڈل جیتا۔ دیوی نے فائنل میں ترکی کی عالمی نمبر ایک Oznur Cure Girdi کو 146– 143سے شکست دی۔ اس چمپئن شپ میں بھارت نے سونے کے دو، چاندی کا ایک اور کانسے کے تین تمغے جیتے ہیں۔x

## Para Athletics Championship

آج نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں بارھویں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ 2025 کا آغاز ہوا۔ اس 9روزہ چمپئن شپ میں کُل 186 تمغوں کیلئے مقابلے ہوں گے۔ یہ چمپئن شپ آئندہ ماہ کی 5تاریخ تک جاری رہے گی۔اس چمپئن شپ کے افتتاحی دن بھارت نے سونے کا ایک اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا۔ Shailesh Kumar نے مردوں کے ہائی جمپ T63زمرے میں سونے کا جبکہ Varun Singh بھاٹی نے کانسے کا تمغہ جیتا۔پیرا ایتھلیٹ Deepti Jeevanji نے خواتین کے 400میٹر T20مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔x

☆☆☆☆☆☆